**21.06.2025**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد

**Music**

-------------------------------

☆ یوگ کا گیارھواں بین الاقوامی دن ملک بھر میں اور بیرون ملک کافی جوش وخروش اور شراکت کے ساتھ منایا گیا۔ وزیراعظم نریندر مودی نے زور دے کر کہا ہے کہ یوگ عالمی ہم آہنگی کا ایک ذریعہ ہے۔ انھوں نے ملکوں پر زور دیا کہ وہ اسے عوامی پالیسی کے ایک حصے کے طور پر اپنائیں۔

☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ بھارت، پاکستان کے ساتھ دریائے سندھ سے متعلق سمجھوتے کو کبھی بحال نہیں کرے گا۔

☆ ڈی جی سی اے نے ایئر انڈیا کو ہدایت دی ہے کہ وہ تین عہدیداروں کو سنگین خلاف ورزیوں کی پاداش میں عملے کے ڈیوٹی کے اوقات اور Rostering سے متعلق کام سے ہٹا دے۔

☆ اسرائیل نے چوٹی کے ایرانی کمانڈروں کو ہلاک کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ دونوں ملکوں کے درمیان فضائی حملے لڑائی کے نویں دن بھی جاری ہیں۔

☆ بھارتی پہلونوں نے ویتنام میں 23سال سے کم عمر کے کھلاڑیوں کی ایشیائی چمپئن شپ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔

☆ اور کرکٹ میں، لیڈس ٹیسٹ میں یشسوی جیسوال، شبھمن گل اور رشبھ پنت کی بدولت بھارت میزبان انگلینڈ کے خلاف انتہائی مضبوط پوزیشن پر ہے۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM Yoga Day**

یوگ کا گیارہواں بین الاقوامی دن، آج ملک بھر میں اور دنیا کے مختلف حصوں میں انتہائی جوش و خروش اور وسیع تر شراکت کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ صدر جمہوریہ اور وزیر اعظم نریندر مودی نے الگ الگ یوگ سیشنز میں حصہ لے کر تقریبات کی قیادت کی۔ اتراکھنڈ کے دہرہ دون میں منعقدہ ایک تقریب میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے حصہ لیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ مرمو نے دنیا بھر میں یوگ کو فروغ دینے میں بھارت کے انتہائی اہم کردار کو اجاگر کیا۔

2100- Prez- Importance Yoga

وزیر اعظم نریندر مودی نے آندھرا پردیش کے شہر وشاکھاپٹنم میں خوبصورت مناظر سے بھر پور سمندری سرحد کے کنارے کنارے یوگ کے مشترکہ پروٹوکول پر عمل کرتے ہوئے 45منٹ کے یوگ سیشن میں حصہ لیا، جس میں تین لاکھ سے زیادہ پُرجوش افراد نے شرکت کی۔ اتحاد کے ایک قابل ذکر منظر کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک کھلی فضا والے مقام پر اِن افراد نے پوری ہم آہنگی کے ساتھ یوگ کیا، جس کا مقصد گنیز ورلڈ ریکارڈس میں اپنی نوعیت کے سب سے بڑے اجتماع کیلئے ایک مقام حاصل کرنا تھا۔اِس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ آج یوگ، بڑھتے ہوئے دباؤ، بے چینی اور دنیا کے مختلف حصوں میں عدم استحکام کی صورتحال کے دوران امن کا ایک راستہ دکھاتا ہے۔ انہوں نے ایک پُرامن، متوازن اور پائیدار دنیا کی جانب پیش رفت کیلئے اجتماعی کوششیں کیے جانے پر زور دیا۔ جناب مودی نے کہا کہ یوگ، ایسا ہو، جو دنیا کی تنازعہ سے تعاون کی طرف رہنمائی کرے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ یوگ وقفے کا ایک بٹن ہے، جس کی ضرورت انسانیت کو ہے تاکہ وہ سانس لے سکے، توازن قائم کرسکے اور پھر دوبارہ سے اپنا وجود پاسکے۔

S/B: Pari- Pm- Yoga/ Peace

جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ یوگ، صرف ایک نجی عمل بن کرنہیں رہنا چاہیے بلکہ اِسے عالمی شراکت داری کے ایک وسیلے کے طور پر ترقی دینی چاہیے۔ انہوں نے ہر ملک اور ہر معاشرے سے زور دے کر کہا کہ وہ اپنے طرز زندگی اور عوامی پالیسی میں یوگ کو مربوط کریں۔ جناب مودی نے کہا کہ اِس برس بین الاقوامی یوگ کے دن کا موضوع ہے :'ایک زمین، ایک صحت کیلئے یوگ'، جو ہمیں یاد دلاتا ہے کہ دنیا موجودہ اور آنے والی نسلوں کیلئے ایک خوشحال اور صحت مند مستقبل کو حاصل کرنے کی غرض سے یکجا ہوسکتی ہے۔

انہوں نے کہا کہ دنیا میں یوگ کو پھیلانے کیلئے بھارت جدید تحقیق کے ذریعے یوگ کی سائنس کو مزید مستحکم کر رہا ہے اور ملک کے بڑے طبی ادارے، یوگ پر تحقیق کر رہے ہیں۔

S/B: PM Modi on National Mission

## PM Annapurna Devi

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج ایک مضمون شیئر کیا ہے جس میں یوگ کو خواتین اور بچوں کی بہبود سے متعلق اُن پالیسیوں کے ساتھ مربوط کئے جانے کی اہمیت اجاگر کی گئی ہے جن سے ملک بھر میں نچلی سطح پر صحت اور تندرستی بہتر ہوئی ہے۔ خواتین اور بچوں کی ترقی کی وزیر انّا پورنا دیوی کی جانب سے سوشل میڈیا پر ڈالی گئی ایک پوسٹ پر ردِعمل ظاہر کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ یوگ کو خواتین اور بچوں کی بہبود سے متعلق پالیسیوں سے مربوط کئے جانے سے ملک بھر میں نچلی سطح پر صحت اور تندرستی بہتر ہو رہی ہے۔ اپنے مضمون میں انّا پورنا دیوی نے کہا ہے کہ حمل سے پہلے اور اس کے بعد یوگ آسن کرنے سے خواتین کو صحت سے متعلق چیلنجوں سے موثر طور پر نمٹنے میں مدد ملتی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ حمل کے دوران مخصوص یوگ آسن کرنے اور دھیان کی تکنیک اپنانے سے حمل سے متعلق تکلیف کو دور کرنے میں مدد ملتی ہے اور طاقت میں اضافہ ہوتا ہے۔x

## States UTs Yoga

جموں و کشمیر، لداخ، مدھیہ پردیش، گوا، مہاراشٹر اور تمل ناڈو سمیت کئی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں یوگ کا دن پورے جوش و خروش کے ساتھ منایا گیا۔ اتراکھنڈ کے وزیر اعلیٰ پُشکر سنگھ دھامی نے اِس موقع پر آج ملک کی پہلی یوگ پالیسی شروع کیے جانے کا اعلان کیا۔ وزیر اعلیٰ Gairsain میں Bhararisain کے مقام پر منعقدہ یوگ ڈے کے پروگرام سے خطاب کر رہے تھے۔

2100- Pushkar Singh Dhami

تلنگانہ میں تقریباً 19ریاستوں سے تین ہزار سے زیادہ دیوناگ جنوں نے Chegur میں Kanha Welness سینٹر کے مقام پر بین الاقوامی یوگ دن کی تقریب میں حصہ لیا۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے سماجی انصاف اور بااختیار بنائے جانے کے محکمے کے مرکزی وزیر ڈاکٹر وریندر کمار نے سماج سے زور دے کر کہا کہ وہ اِس دن کی تقریبات سے الگ بھی اِس جذبے کو فروغ دینے کا سلسلہ جاری رکھیں اور اِس بات کو یقینی بنائیں کہ کوئی پیچھے نہ چھوٹنے پائے اور ہر ایک فرد کی باطنی صلاحیتوں کا اعتراف کیا جائے۔بھارتی کوسٹ گارڈ نے بھارت کی سمندری سرحدوں اور جزائری علاقوں میں 60سے زیادہ مقامات پر یوگ سنگم کے ساتھ یہ دن منایا۔ بھارتی کوسٹ گارڈ کے تمام علاقوں میں یوگ سیشنز منعقد کیے گئے، جس میں Jakhau، مُندرا، وادی نار، اوکھا، Pipavav، سورت، گاندھی نگر اور Veraval سمیت شمال مغربی خطے کے یونٹوں نے پورے جوش و خروش سے شرکت کی۔ملک بھر میں انتہائی اہم مقامات پر نیشنل کیڈٹ کور کے 9لاکھ کیڈٹس نے ہم آہنگی پر مبنی یوگ سیشنز میں حصہ لیا۔ وزارت دفاع نے کہا کہ شمال میں لیہہ سے لے کر جنوب میں کنیّا کماری تک یوگ تقریبات منعقد کی گئیں۔ x

## Shah Interview

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ بھارت، پاکستان کے ساتھ دریائے سندھ کے پانی سے متعلق معاہدے کو کبھی بحال نہیں کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت، ایک نہر تعمیر کرے گی تا کہ پاکستان کی جانب جانے والے اضافی پانی کو راجستھان کی طرف بھیجا جاسکے۔ ایک انگریزی روزنامے کو دیئے گئے انٹرویو میں وزیر داخلہ نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف قطعی برداشت نہ کرنے کی حکومت کی پالیسی برقرار ہے۔ جناب شاہ نے کہا کہ حکومت دہشت گردی کی بنیادی وجوہات سے نمٹ رہی ہے، خواہ وہ کشمیر میں ہوں، نکسلی علاقوں میں یا شمال مشرق میں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نہ صرف محفوظ اور بہترین بلکہ دنیا میں سرمایہ کاری کیلئے واحد مقام ہے۔ جناب شاہ نے کہا کہ بھارت، شفاف پالیسیوں اور صارفین کی ایک بڑی مارکیٹ کے ساتھ ایک جمہوری ملک ہے۔

انہوں نے کہا کہ حکومت نے 2014سے اِس بات کو یقینی بنانے کیلئے سخت محنت کی ہے کہ ترقی کے فوائد ملک بھر میں سب تک پہنچیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت، ایک عالمی اقتصادی پاور ہاؤس بننے کی طرف گامزن ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ بھارت کی بینکنگ سیکٹر کی اصلاحات اور غریبوں کو مالیاتی طور پر شریک کرنا، دنیا کیلئے ایک ایسا نمونہ ہے، جس کا مطالعہ کیا جاسکتا ہے۔ x

**DGCA Air India**

شہری ہوا بازی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل نے ایئر انڈیا کو ہدایت دی ہے کہ وہ تین افسران کو عملے کی ڈیوٹی لگانے اور اُن کے نظام الاوقات طے کرنے سے متعلق سبھی ذمہ داریوں سے فوری طور پر ہٹا دے۔ اِس سلسلے میں انہوں نے سنگین خلاف ورزیاں کی ہیں۔ انضباطی ادارے نے ایئر لائن کو یہ ہدایت بھی دی ہے کہ اِن افسران کے خلاف بلاتاخیر اندرونی تادیبی کارروائی شروع کی جائے اور اِس طرح کی کارروائی کے نتائج سے متعلق رپورٹ 10دن کے اندر پیش کی جائے۔ ایک بیان میں ڈائریکٹریٹ جنرل نے کہا ہے کہ یہ افسران، آپریشن سے متعلق کوتاہیوں کے ذمہ دار ہیں۔ اُس نے اِس بات کا ذکر کیا ہے کہ CAE فلائٹ اور عملے کے بندوبست کے نظام کیلئے ہوائی راستوں کے بندوبست کے نظام کا تبدیلی کے بعد کے جائزے کے دوران سنگین اور بار بار کی گئی خلاف ورزیوں کا رضاکارنہ طور پر انکشاف کیا گیا۔ ڈائریکٹوریٹ جنرل نے بتایا کہ یہ افسران سنگین اور بار بار دوہرائی جانے والی غلطیوں میں ملوث تھے، جس میں ضابطے کے خلاف اور ضابطوں پر عمل کیے گئے عملے کے جوڑے بنانا، لازمی لائسنسنگ خلاف ورزی کرنا، پروٹوکول کو شیڈول کرنے میں نظام کے برخلاف کام کرنا اور نظر انداز کرنا شامل ہے۔ x

**with Add Israel Iran Conflict**

اسرائیل اور ایران، لڑائی کے نویں دن بھی ایک دوسرے پر فضائی حملوں کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں۔ کل رات اسرائیل نے ایران کے نیوکلیائی بنیادی ڈھانچے پر اپنی فوجی کارروائی جاری رکھی۔ اسرائیلی فوج نے کہا ہے کہ اُس نے وسطی ایران میں میزائل Storage اور بنیادی ڈھانچے کے مقامات پر کئی حملے کئے۔

اسرائیل کے وزیر دفاع Israel Katz نے کہا ہے کہ قُم شہر میں ایک اپارٹمنٹ پر کئے گئے حملے میں ایک سینئر ایرانی کمانڈر Saeed Izadi ہلاک ہوگئے ہیں۔ ایران کے سرکاری میڈیا نے بھی خبر دی ہے کہ آج صبح سویرے اسفہان میں ایک نیوکلیائی تنصیب پر اسرائیلی حملہ ہوا ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ ایران کے فضائی دفاعی نظام نے اس حملے کا جواب دیا۔ البتہ بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی نے ایٹمی تنصیب کی موجودہ صورتحال کے بارے میں ابھی کچھ نہیں بتایا ہے۔ادھر جنیوا میں لڑائی کو روکنے کی کوششیں اب تک بے سود ثابت ہوئی ہیں جہاں چوٹی کے یوروپی سفارتکاروں نے کل ایران کے اپنے ہم منصب سے ملاقات کی۔ ایران کے سرکاری میڈیا نے ملک کی صحت کی وزارت کے حوالے سے کہا ہے کہ اسرائیل نے جب سے حملہ شروع کیا ہے تب سے ایران میں کم سے کم 430سویلین ہلاک اور تین ہزار 500زخمی ہوئے ہیں۔ ادھر اسرائیلی حکام کے مطابق ایران کے میزائل حملے میں 24افراد مارے گئے ہیں۔ اس دوران، وہائٹ ہاؤس نے کہا ہے کہ امریکی صدر اگلے پندرہ دن میں یہ فیصلہ کریں گے کہ اسرائیل–ایران لڑائی میں امریکہ براہِ راست کارروائی کرے یا نہیں۔

اس دوران، ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے جنیوا میں برطانیہ، یوروپی یونین، جرمنی اور فرانس کے اپنے ہم منصب کے ساتھ بات چیت کے بعد کہا ہے کہ ایران، اسرائیلی جارحیت رکنے کے بعد ہی ڈپلومیسی پر غور کرے گا۔ ایران کا کہنا ہے کہ اس کا نیوکلیائی پروگرام پُرامن مقاصد کیلئے ہے۔ ادھر روس کے صدر ولادیمیر پتن نے کہا ہے کہ ایران کو پُرامن مقاصد کیلئے نیوکلیائی ٹیکنالوجی کے استعمال کا حق حاصل ہے۔x

## Egypt Foreign Minister

مصر کے وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر Abdelatty دو دن کے دورے پر پیر کو بھارت پہنچیں گے۔ اپنے دورے کے دوران، وہ کامرس اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل، ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو اور وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جئے شنکر سے ملاقات کریں گے۔x

## Bihar Pension

بہار میں حکومت نے سوشل سکیورٹی پنشن اسکیم کے تحت بزرگ شہریوں، بیواؤں اور معذور افراد کی پنشن میں ہر ماہ 700روپے کا اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے آج کہا کہ فیضیاب ہونے والے لوگوں کو اگلے مہینے سے بڑھی ہوئی پنشن ایک ہزار ایک سو روئے ملے گی۔پنشن میں اضافے کے بعد بہار میں سوشل سکیورٹی اسکیم کے مستفیدین کو ہر مہینے ایک ہزار ایک سو روپئے ملیں گے۔ ایک کروڑ نو لاکھ سے زیادہ لوگوں کو فائدہ ہوگا اور یہ رقم ہر مہینے کی دس تاریخ تک ان کے بینک کھاتے میں پہنچ جائے گی۔ ریاستی سرکار معذور یعنی دِویانگ لوگوں کیلئے بہار Nishaktata پنشن اسکیم نافذ کر رہی ہے جبکہ لکشمی بائی سوشل سکیورٹی پنشن اسکیم کے تحت 18سال سے زیادہ عمر کی بیواؤں کو مدد فراہم کی جاتی ہے۔ ریاستی سرکار مکھیہ منتری Vridhajan پنشن یوجنا کے تحت 60سال سے 79سال کی عمر کے افراد کو مدد فراہم کرتی ہے۔ اس کے علاوہ، اندراگاندھی راشٹریہ Vridhawastha پنشن یوجنا، اندراگاندھی راشٹریہ ودھوا پنشن یوجنا اور اندراگاندھی Nishaktata پنشن یوجنا کے تحت محروم طبقوں کو فائدوں کی براہ راست منتقلی کے ذریعے مالی امداد دی جاتی ہے۔وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے کہا ہے کہ اس سے عمر رسیدہ لوگوں اور دوسروں میں عزت نفس کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی۔

## EVE IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے پیشگوئی کی ہے کہ اگلے دو روز میں پنجاب، ہریانہ اور راجستھان کے مزید حصوں میں مانسون کے مزید آگے بڑھنے کیلئے حالات سازگار ہیں۔ آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے IMD کے سینئر سائنسداں آر کے جینامنی نے کہا ہے کہ اُس کے دو دن کے بعد مانسون دلّی اور دوسرے علاقوں میں پہنچے گا۔ IMD نے یہ بھی پیشگوئی کی ہے کہ اگلے تین دن کے دوران شمال مشرقی بھارت میں شدید سے بہت شدید بارش کا سلسلہ جاری رہنے کا امکان ہے اس کے بعد اگلے چار دن تک کہیں کہیں شدید بارش ہوسکتی ہے۔

S/B R K Jenamani

## Wrestling U-23

ویتنام کے شہر Vung Tau میں 23سال سے کم عمر کی چمپئن شپ کے آخری دن آج بھارت کے نوجوان کُشتی بازوں نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور مردوں کے فری اسٹائل میں 6 تمغے حاصل کیے۔ پانچ پہلوانوں، نِکھل، سُجیت، جئے دیپ، چندر موہن اور سچن نے سونے کے تمغے جیتے۔ بھارت نے اِس برّ اعظمی مقابلے

میں تاریخی کارنامہ انجام دیتے ہوئے مردوں کے فری اسٹائل میں ٹیموں کی درجہ بندی میں اول مقام حاصل کیا اور ساتھ ہی خواتین کی فری اسٹائل ٹیم کا خطاب بھی جیتا۔ 23سال سے کم عمر کی اِسی چمپئن شپ میں بھارتی خواتین کُشتی بازوں نے سونے کے چار اور چاندی کے پانچ تمغوں کے ساتھ تمام دس زمروں میں سے ہر ایک زمرے میں ایک تمغہ جیت کر ٹیم کا خطاب حاصل کیا ہے۔ 50 کلو گرام کے زمرے میں پریانشی پرجاپت، 55 کلو گرام کے زمرے میں رِینا، 68 کلو گرام کے زمرے میں سِرشٹی اور 76 کلو گرام کے زمرے میں پریا نے سونے کے تمغے حاصل کیے۔ x

**Rev. India England Test Cricket**

ٹیسٹ کرکٹ میں Leads میں ہیڈِنگلی کے مقام پر انڈرسن تنڈولکر ٹرافی کے پہلے میچ کے دوسرے دن بھارت کے 471رن کے جواب میں اب سے کچھ دیر پہلے تک انگلینڈ کی ٹیم نے اپنی پہلی اننگز میں ایک وکٹ پر 107رن بنا لئے تھے۔ اس سے قبل میچ کے دوسرے دن آج بھارت نے 3وکٹ پر 359رن کے اپنے کل کے اسکور سے آگے کھیلنا شروع کیا۔ بھارت کے سلامی بلے باز Yashasvi جیسوال، کپتان شُبھمن گِل اور اُن کے کپتان ریشبھ پنت نے شاندار سنچریاں اسکور کیں۔ اِس سنچری کے ساتھ ریشبھ پنت نے ٹیسٹ کرکٹ میں سب سے زیادہ سنچریاں بنانے والے بھارتی وکٹ کیپر کا MS دھونی کا ریکارڈ توڑ دیا۔ یہ اُن کی ساتویں سنچر تھی۔ انگلینڈ کی طرف سے Ben Stokes اور Josh Tongue نے چار چار وکٹ لئے۔ x

☆☆☆☆☆☆